## سوال

(462) قبر پر ٹہنی وغیرہ لگانا کیسا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قبر پر ٹہنی وغیرہ لگانا کیسا ہے اور بخاری، ص :۳۵ کی حدیث جو قبر پر ٹہنی لگانے کے بارے ہے اس کی وضاحت کریں؟ (قاری عبدالصمد بلوچ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری کی اسی حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ ٹہنی لگانے سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پتہ چل گیا تھا کہ ان دو قبروں والوں کو عذاب ہو رہا ہے، پھر ''مالم ییبسا'' سے تخفیف موقت کی دعاء کا پتہ چلتا ہے، لہٰذا ان دو شرطوں کے ساتھ کوئی ٹہنی لگانا چاہتا ہے، تو لگالے کیونکہ ہر قبر پر ہر حال میں ٹہنی لگانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ ۲ ۲ ۱۴۲۴ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد 02 ص 404**

محدث فتویٰ